Beginning WP Scriptures - بائبل آیات دعا روحانی وارفیئر ابتدا - Urdu

Confession Scriptures - بائبل آیات اقرار

عز را 9:7

ہمارے باپ دادا کے زمانے سے اب تک ہم لوگوں نے بہت زیادہ گناہ کئے ہیں ہم لوگوں نے گناہ کئے ۔ اس لئے ہمیں ہمارے بادشاہ اور ہمارے کاہن کو سزا ملی ۔ دوسرے بادشاہ ہماری دولت لے گئے ہمارے اوپر حملہ کیا ۔ اور ہمیں شرمندہ کیا یہ حالت آج بھی ویسی ہی ہے ۔

عز را 9:13

آخر کار جو برے واقعات ہمارے ساتھ ہوئے وہ ہمارے اپنے گناہوں کی وجہ سے ہوئے اے خدا تو نے ہمیں اس سے بہت کم سزا دی ہے جتنا ہمیں ملنی چاہئے تھی ۔ اور تم نے لوگوں کے اس چھو ٹے سے گروہ کو قائم رہنے دیا ۔

نحمیاہ 9:2

وہ لوگ جو حقیقی اسرائیلی تھے انہوں نے باہر کے لوگوں سے اپنے آپ کو الگ کر لیا ۔ وہ لوگ کھڑے ہوئے اور اپنی گناہوں کو اور اپنے باپ دادا کے گناہوں کو قبول کیا ۔

زبُور 24:3,4

خداوند کے پہا ڑ کے اوپر کو ن جا سکتا ہے ؟ کون خداوند کے مقدّس گھر میں کھڑا ہوکر اس کی عبادت کر سکتا ہے ؟ وہ شخص جس نے بُرا نہیں کیا ہے ، جس کا دل پاک ہے ؛ اور وہ شخص جس نے نہ جھوٹ بولا اور نہ ہی جھو ٹے وعدے کئے ۔ ایسے لوگ ہی وہاں عبادت کر سکتے ہیں۔

زبُور 73:13

پھر میں اپنا دل پاک کیوں بناتا رہوں؟ اپنے ہا تھوں کو ہمیشہ صاف کیوں کرتا رہوں۔

یسعیاہ 59:2

لیکن تمہا رے گنا ہ تمہیں تمہا رے خدا سے الگ کر دیا ہے ۔ تمہا رے گناہ کے سبب سے اس نے اپنا منہ تم سے پھیرلیا ہے ۔ اس لئے وہ تمہا رے پکار پر دھیان نہیں دیتا ہے ۔

یسعیاہ 64:6

ہم سبھی گناہ سے آلودہ ہو گئے ہیں ۔ اور ہماری سب نیکی پرانے گندے کپڑو ں کی مانند ہو گئی ہے ۔ ہم سو کھے مر جھا ئے ہو ئے پتوں جیسے ہیں ۔ہمارے گنا ہوں کی آندھی نے ہمیں اڑا دیا ہے ۔

یرمیاہ 5:25

تمہا رے برے کارناموں نے بارش کو تم سے دور کر دیا ہے ۔ تمہا رے گنا ہوں نے تمہیں اچھی چیزوں کو حاصل کرنے سے روک دیا ہے ۔

ہوسیع 13:8

میں ان پر اس ریچھ کی طرح جھپٹ پڑونگا ، جیسے اس کے بچے چھین لئے گئے ہوں۔ میں ان پر حملہ کرونگا ۔ میں ان کے سینے چیر پھاڑدوں گا ۔ میں اس شیر ببر یا کسی دوسرے ایسے وحشی جانور کی مانند ہو جا ؤں گا جو اپنے شکار کو پھاڑ کر کھاجا تا ہے ۔

دانیال 9:8,9

اے خداوند ! سب کو شرمندہ ہونا چا ہئے ۔ہمارے سبھی بادشا ہوں اور مراء کو بھی اپنے آپ پر شرمندہ ہونا " چا ہئے ۔ یہاں تک کہ ہمارے باپ دادا ؤں کو اپنے آپ پر شرمندہ ہونا چا ہئے۔ کیون کہ اے خداوند ہم نے تیرے خالاف گناہ کئے ہیں ۔ " لیکن اے خداوند! تو رحیم ہے، لوگ جو بُڑے کام کر تے ہیں تو تُو انہیں معاف کر دیتا ہے ۔ حقیقت میں ہم نے تجھ سے منہ پھیر لیا ہے ۔

مرقس 9:24

اس لڑکے کے باپ نے پرُ جوشی سے جواب دیا ، میں یقین کرتا ہوں ۔ اور زیادہ پختہ یقین کے لئے میری مدد کر۔

(لوقا 11:2 (متّی 6:10

:یسوع نے ان سے کہا، تم اس طرح دعا کرواور کہو

یوحنا 14:6

یسوع نے جواب دیا ،میں راستہ ہوں میں سچا ئی ہوں اور زندگی بھی۔ میں ہی ایک ذریعہ ہوں جس سے تم باپ کے پاس جا سکتے ہو ۔

یوحنا 17:15

میں یہ نہیں کہتا کہ تو انہیں دنیا سے اٹھا لے بلکہ میں یہ کہتا ہو ں کہ تو انہیں شیطان کے شر سے محفوظ رکھ

یعقوب 4:8

تم خدا کے نزدیک جاؤ اور وہ تمہارے نزدیک آئے گا تم گنہگار رہو تو پھر اپنی زندگی سے گناہ کو مٹانے کی کو شش کرو اور اے دو رخی سوچ کے لوگو ! اپنے دلوں کو پاک کرو ۔

رومیوں 14-6:12

پَس گُناہ تُمہارے فانی بَدَن میں بادشاہی نہ کرے کہ تُم اُس کی خواہِشوں کے تابِع رہو۔ اور اپنے اعضا ناراستی کے ہتھیار ہونے کے لِئے گُناہ کے حوالہ نہ کِیا کرو بلکہ اپنے آپ کو مُردوں میں سے زِندہ جان کر خُدا کے حوالہ کرو اور اپنے اعضا راستبازی کے ہتھیار ہونے کے لِئے خُدا کے حوالہ کرو۔ اِس لِئے کہ گُناہ کا تُم پر اِختیّار ہوگا کِیُونکہ تُم شَرِیعَت کے ماتحت نہِیں بلکہ فضل کے ماتحت ہو۔

عبرانیوں 9:28

اسلئے مسیح نے بھی ایک ہی بار اسکی قربانی دی ۔لوگوں کے گناہ ختم کر نے کے لئے اور مسیح دوسری دفعہ ظا ہر ہو نگے لیکن لوگوں کے گناہوں کی وجہ سے نہیں بلکہ ان لوگوں کی نجات کے لئے آئیں گے جو اسکا انتظار کر رہے ہیں ۔

یوحنا 1:9 1

اگر ہم اپنے گناہوں کو تسلیم کر تے ہیں تو خدا جو انصاف پسند اوروفا دار ہے وہ ہمارے گناہوں کو معاف کر تا ہے ہمیں تمام گناہوں سے پاک کر تا ہے ۔

<u>Forgiveness Scriptures</u> - بائبل آیات بخشش

متّی 15-6:12

ہمارے گناہوں کو معاف کر ہمیں آزمائش میں نہ ڈال ہاں، دوسروں کی غلطیوں کو تم معاف کروگےتو تمہارا باپ بھی جو جنت میں ہے تمہاری غلطیوں کو معاف کریگا۔ اگر لوگوں کی غلطیوں کو معاف نہ گروگے تو آسمانوں میں رہنے والا تمہارا باپ بھی تمہاری غلطیوں کو معاف نہ کریگا۔

متّی 18:21,22

پطرس یسوع کے پاس آیا اور پوچھا اے خدا وند میرا بھا ئی میرے ساتھ کسی نہ کسی قسم کی برائی کرتا ہی رہا تو میں اسے کتنی مرتبہ معاف کروں ؟ کیا میں اسے سات مرتبہ معاف کروں ؟ یسوع نے اس سے کہا تمہیں اس کو سات مرتبہ سے زیادہ معاف کرنا چاہئے۔ اگر چہ کہ وہ تجھ سے ستر مرتبہ برائی نہ کرے اسکو معاف کرتا ہی رہ۔

متّی 18:35

آسما نوں میں رہنے وا لا میرا با پ تمہا رے ساتھ جس طرح سلوک کرتا ہے۔ اسی طرح اس بادشا ہ نے کیا ہے۔تم کو بھی چا ہئے کہ اپنے بھا ئیوں اور اپنی بہنوں سے حقیقت میں در گذر سے کام لو۔ ورنہ میرا باپ جو آسمانوں میں ہے تم کو کبھی بھی معاف نہ کریگا۔

مرقس 11:25,26

اور یہ کہتے ہو ئے جواب دیا کہ جب تم دعا کر نے کی تیاری کرو اور تم کسی پر کسی وجہ سے غصہّ اور ناراض ہو، اور اگر یہ بات تمہیں یاد آئے تو اس کو معاف کر دو تا کہ آسمان پر رہنے والا تمہارا باپ تمہارے گناہوں کو معاف کردے گا۔ اگرتُم دُوسرے لوگوں کو معاف نہ کرو تو تمہارا باپ بھی جو جنّت میں ہے تمہارے گناہوں کو معاف نہ کرے گا– اسطرح یونان کی چند حالیہ نسخوں میں یہ آیت۲۶اضافہ کئے گئے ہیں-

لوقا 6:37

کسی کو قصور وار مت کہو تو تمہیں بھی قصور وار نہیں کہا جائیگا ۔ دوسرے کو مجرم ہو نے کی عیب جوئی نہ کرو ۔ تمہاری بھی عیب جوئی نہ کی جائیگی ۔ دوسروں کو معاف کرو تب تم کو بھی معاف کیا جا ئے گا ۔

لوقا 11:4

ہما رے گناہوں کو معاف کر

لوقا 17:3,4

اس لئے ہوشیار رہو اور کہا کہ اگر تیرا بھائی تیرے ساتھ دن میں سات بار بھی غلطی کرے اور تجھ سے ہر مرتبہ آ کے کہے کہ معاف کر توتجھے اسے معاف کر نا چا ہئے۔

لوقا 23:34

یسوع نے دعا کی کہ اے میرے باپ ان کو معاف کر دے کیوں کہ وہ نہیں جانتے کہ وہ کیا کر رہے ہیں ۔

رسولوں 8:22

پَس اپنی اِس بدی سے تَوبہ کر اور خُداوند سے دُعا کرکہ شاید تیرے دِل کے اِس خیال کی مُعافی ہو۔

رومیوں 4:7

کہ مُبارک وہ ہیں جِنکی بدکارِیاں مُعاف ہوئیں اور جِن کے گُناہ ڈھانکے گئے۔

افسیوں 1:7

مسیح اور اس کے خون کے ذریعہ ہمیں نجات ملی۔ اس کے فضل سے ہما رے گنا ہوں کو معا فی ملی۔

افسیوں 4:32

ہمیشہ ایک دوسرے کے ساتھ مہر بانی اور محبت سے رہو ایک دوسرے کو معاف کر تے رہو جس طرح خدا نے تمہیں مسیح میں معاف کیا ہے ۔

کُلِسّیوں 1:14

بیٹے نے ہمیں آزاد رکھنے کی قیمت ادا کی ہے۔ اس میں ہما رے گناہوں کی معا فی ہے۔

کُلِسّیوں 2:13-15

کیوں کہ تم گناہوں کی وجہ سے روحانی طور پر مر چکے تھے ۔ اور تم گناہوں کی قوت سے آزاد نہ تھے ۔ لیکن خدا نے تمہیں اس لئے چھٹکارہ دلا یا اور تمہیں مسیح سے نئی زندگی ملی اور اسنے ہمارے سب گناہ کو معاف کر دیئے ۔ ہم نے خدا کے قانون کو تو ڑا اور اس کے مقروض ہو ئے ۔ ہم اس قرض کو جو ہمارے نام پر اور ہمارے خلاف تھا اور حکموں کی دستاویز مٹا ڈالی ۔ لیکن خدا نے اسکو صلیب پر کیلوں سے جڑ کر سامنے سے ہٹا دیا ۔ خدا نے صلیب پر روحانی حاکموں اور قوت والوں کو شکشت دی اور انکو شرمسارکیا جسے کہ ساری دنیا نے دیکھا ۔

یوحنا 1:9 1

اگر ہم اپنے گناہوں کو تسلیم کر تے ہیں تو خدا جو انصاف پسند اوروفا دار ہے وہ ہمارے گناہوں کو معاف کر تا ہے ہمیں تمام گناہوں سے پاک کر تا ہے ۔

یوحنا 2:12 1

،عزیز بچو ! میں تمہیں لکھتا ہوں